علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ ارلی چائلڈ ہڈ و ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تدریس اسلامیات (654) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی ایڈ — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1- انسانی اعمال میں عقائد کی کیا اہمیت ہے؟ اسلام کے بنیادی عقائد کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- اسلامی ضابطہ حیات کی اصولی باتیں کون کون سی ہیں؟ اسلام کے معاشرتی نظام میں کن بنیادی چیزوں کو اہمیت دی گئی ہے؟ مفصل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- آیت اور سورت میں کیا فرق ہے؟ قرآن مجید کی بنیادی تعلیمات کو مختصر طور پر واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- سیرت رسول کے بنیادی مآخذ کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی کیفیت الگ الگ مختصراً بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- اسلامی ثقافت کے بنیادی عقائد کون کون سے ہیں؟ اسلامی ثقافت کی وہ کون سی خصوصیات ہیں جو اسے باقی تمام ثقافتوں سے ممتاز کرتی ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

☆☆☆☆☆

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 — (یونٹ 5 تا 9) — کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- اسلامی فکر میں علم الکلام کی ابتدا کیسے ہوئی؟ اسلامی علم الکلام اور جدید علم الکلام کے مسائل پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- اسلام میں تجربات اور تجرباتی نتائج کی کیا اہمیت ہے؟ سائنس کے بنیادی قواعد و مفروضات کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- تربیت کردار سے کیا مراد ہے؟ آپ کی بعثت کے کون سے امور امت کی تربیت کردار کے لیے استعمال ہوئے ہیں؟ اسلام میں تربیت کردار کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- تدریس اسلامیات کی کیا اہمیت ہے؟ اس مضمون کے سیکھنے کے عمل کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ تبلیغ دین کے لیے تدریس اسلامیات کے کردار پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- پاکستان میں اسلامیات کے مضمون میں کون کون سے روزمرہ کے معاملات شامل کیے گئے ہیں؟ ان معاملات کی ضرورت و اہمیت تفصیل کے ساتھ واضح کیجیے۔ (20)

☆☆☆☆☆

امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر: 100 (یونٹ 10 تا 13) کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- ثانوی سطح پر اسلامیات کی تدریس کے کیا مقاصد ہیں؟ مطالعہ اسلامیات کے لیے بنیادی ماٰخذ کون کون سے ہیں؟ یہ ماٰخذ جدید دور میں اسلامی تقاضوں کو پورا کرنے میں ہماری کس طرح مدد کرتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- مختلف ادوار میں مسجد کی بطور بنیادی مکتب کیا اہمیت رہی ہے؟ مسجد مکتب اسکولوں کی تاریخ کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- ماضی میں شاندار اسلامی خدمات انجام دینے والی اہم دینی درسگاہوں پر تبصرہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- معاشرتی اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کی تعلیمی پالیسیوں میں معاشرتی اخلاق کے کیا مقاصد ہیں؟ مدرسے کی اخلاقیات سے فروغ حاصل کرنے والی اسلامی اقدار پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 5- تدریس اسلامیات میں مباحثی طریقہ او رتفویضی طریقہ کو کامیاب بنانے کے لیے کن نکات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ تدریس اسلامیات میں مباحثی طریقہ او رتفویضی طریقہ تدریس کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کریں۔ (20)

☆☆☆☆☆

امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر: 100 (یونٹ 14 تا 18) کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- تدریس اسلامیات میں مسئلی اور منصوبی طریقہ تدریس کو کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے؟ مسئلی اور منصوبی طریقہ تدریس کے لیے ضروری سبقی اقدامات و اشارات کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- عمل تدریس میں سمعی بصری معاونات استعمال کرنے کے کیا فوائد ہیں؟ جدید تدریسی معاونات کے استعمال اور افادیت پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- مشاہدہ اور تعلیمی سیر کے ذریعے تدریس اسلامیات کے لیے کیا اقدامات کیے جا سکتے ہیں؟ مشاہداتی اور تعلیمی سیر کے طریقہ تدریس سے حاصل ہونے والے فوائد تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- اسلام میں اہل علم کی کیا فضلیت ہے؟ تدریس اسلامیات میں محافل و مجالس کی اہمیت و افادیت تفصیل کے ساتھ واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- معروضی آزمائش کی تعریف کریں۔ معروضی آزمائش کی مختلف اقسام کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ (20)

[=====]